دی سٹی اسکول
پی اے ایف چیپٹر
جونئیر سیکشن

اردو اعادہ ورک شیٹ (ا) ۔ جماعت سوم

حصہ تفہیم

تفہیم پڑھ کر سوالات کے جوبات دیجیے ۔

صبح کا وقت ہے دل بہت خوش ہورہا ہے ۔ آؤ ! ذرا باغ میں چلتے ہیں ۔ آہا ! کیا ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے ! رنگ برنگے پھول کھلے ہوئے ہیں باغ پھولوں کی خوشبو سے مہک رہا ہے ۔

ہریالی دیکھ کر آنکھوں میں ٹھنڈک اتر رہی ہے ۔ ہری ہری گھاس سبز مخمل کا فرش لگ رہی ہے ۔ درختوں پر پرندے بھی خوشی سے چہک رہے ہیں ۔ کسی درخت پر پھل ہیں اور کسی پر پھلیاں جھوم رہی ہیں۔ ایک بچہ درخت کے پاس بیٹھا کتاب پڑھ رہا ہے ۔ مالی بابا پودوں کی صفائی کررہے ہیں اور ساتھ ہی کچھ نئے پودوں کی جگہ بنارہے ہیں ۔ میں نے مالی بابا سے پوچھا یہ پودے کہاں سے لائے ہیں ؟ انہوں نے کہا ! بادشاہی باغ سے لایا ہوں ، تم دیکھنا بڑے ہوکر یہ کتنے خوبصورت لگیں گے ۔

میں نے باغ کا چکر لگایا اور سوچنے لگا کہ انسان اللہ کی نعمتوں سے کتنا فائدہ اٹھا سکتا ہے ۔ ہر چیز اللہ کی نعمت ہے ۔ میں ابھی پلٹا ہی تھا کہ کتاب پڑھنے والے بچے نے کہا ! دوست ایک بات کہوں ؟

تمہیں ایک دن صبح اُٹھنا اچھا لگ رہا ہے ۔ شاید تمہیں پتہ نہیں دیر سے اُٹھنے والے کتنا نقصان کر رہے ہیں کیونکہ اللہ تعالی صبح صادق سے لے کر فجر رک اپنے بندوں کی رزق کی تقسیم کرتا ہے ۔ کبھی تم نے پرندوں کو دیکھا ہے کیسے صبح صبح اپنے گھونسلوں سے کھانے کی تلاش میں نکل جاتے ہیں ۔ لیکن ہم ناشکری کرتے ہیں کہ ہمارے پاس کم چیزیں ہیںں ۔

سوال ا۔ باغ میں جاکر کیسا لگا ؟

سوال ۲۔ ہری ہری گھاس دیکھ کر کیسا لگا ؟

سوال ۳۔ درختوں پر کیا لگا ہوا ہے ؟

سوال ۴۔ مالی بابا پودے کہاں سے لائے ؟

سوال ۵۔ کتاب پڑھنے والے بچے نے رزق کے بارے میں کیا بتایا ؟

سوال ۶۔ عبارت سے پانچ حروف تلاش کرکے لکھیئے ۔

----------- ----------- ----------- ----------- -----------

سوال ۷۔ دیئے گئے الفاظ کی ضد عبارت سے تلاش کرکے لکھیئے ۔

فائدہ ------------- شام -------------

دشمن -------------

حصہ قواعد

سوال ۸۔ جملوں میں مناسب واحد جمع لکھیئے ۔

ٹوپی ، کرسیاں ، عمارتیں ۔

۱۔ بچوں کے بیٹھنے کے لیئے چھوٹی ---------------- بنوائیں ۔

۲۔ ------------- دے دو نماز پڑھنے جانا ہے ۔

۳۔ میرے گھر کے آس پاس بڑی بڑی ------------- ہیں ۔

سوال ۹۔ مذکر اور مونث جملوں کو تبدیل کیجیے ۔

۱۔ نوکر کام کر رہا ہے ---

۲۔ مورنی خوبصورت ہے ---

سوال ۱۰۔ جملوں میں سے اسم ، صفت اور فعل الگ کیجیے ۔

جملے	اسم	صفت	فعل
۱۔ ثناء محنت سے اول آئی			
۲۔ احمد دلچسپ کتابیں پڑھتا ہے ۔			
۳۔ ابا نئے کپڑے لائے ۔			

حصہ انشاء پردازی

آغاز کی مدد سے کہانی لکھیے یا مضمون لکھیں ۔

ایک چیونٹی دریا سے پانی پینے گئی کہ اچانک تیز لہر آئی اور وہ پانی میں گرگئی ۔ پانی کے تیز بہاؤ کی وجہ سے وہ خشکی پر نہ آسکی ۔ درخت پر بیٹھا کبوتر یہ دیکھ رہا تھا اُس نے ------------------------

یا

مضمون نویسی کیجیے : ساحل سمندر کی سیر